سبق نمبر1: **علم صرف کی تعریف اور دیگر تفصیل**

علم صرف کی تعریف: وہ علم، جس کے ذریعے ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانے کا طریقہ معلوم ہو سکے۔

موضوع: علم صرف کا موضوع، کلمہ ہے، صیغے کی حیثیت سے۔

واضع: اس علم کے واضع ایک قول کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

علمِ صرف کی اھمیت: علم صرف کی اہمیت کے متعلق اکابرین یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ "اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ وَ النَّحْوُ اَبُوْھَا۔ یعنی صرف علوم کی ماں ہے اور نحو ان کا والد"۔

سوالات

سوال نمبر1: علم صرف سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر2: علم صرف کا موضوع کیا ہے اور کس چیز کو کسی بھی علم کا موضوع قرار دیا جاتا ہے؟

سوال نمبر3: علم صرف کس نے وضع فرمایا؟

سوال نمبر4: اکابرینِ امت نے علمِ صرف کی اہمیت کو کس انداز سے بیان فرمایا ہے؟